اعضا اور بافت کے عطیہ کا قانون تبدیل ہو رہا ہے

26 مارچ 2021 سے، اسکاٹ لینڈ میں ایک آپٹ آؤٹ سسٹم ہو گا۔

اعضا اور بافت کا عطیہ ایک ذاتی فیصلہ ہے اور آپ کے پاس انتخاب ہے۔ لہذا براہ کرم اس کتابچے کو دھیان سے پڑھیں۔ یہ درج ذیل کی وضاحت کرتا ہے:

- قانون کس طرح بدل رہا ہے
- قانون آپ کو کیسے متاثر کرتا ہے
- آپ کے پاس کیا انتخابات ہیں
- اپنے عطیہ کا فیصلہ کیسے ریکارڈ کریں
- جب کوئی عطیہ دہندہ بنتا ہے تو کیا ہوتا ہے

Healthier Scotland
Scottish Government

NHS SCOTLAND

قانون بدل رہا ہے...
لیکن آپ کے پاس ابھی بھی ایک اختیار ہے

26 مارچ 2021 سے، پورے اسکاٹ لینڈ میں اعضا اور بافت کے عطیہ سے متعلق ایک نیا قانون لاگو ہوگا۔

'سمجھے گئے اختیار' (deemed authorisation) کا نیا سسٹم متعارف کرانے کے لیے قانون تبدیل ہو رہا ہے۔ اسے اکثر 'آپٹ آؤٹ' (opt out) سسٹم کہا جاتا ہے۔ ہم زندگیاں بچانے اور بہتر بنانے کے لیے ایسا کر رہے ہیں۔ صرف 1% لوگ اس طرح فوت ہوتے ہیں جس سے اعضا کا عطیہ ممکن ہوتا ہے، لہذا عطیہ کے لیے کوئی بھی موقع بہت قیمتی ہے۔

نئے سسٹم کا مطلب ہے اگر آپ نے حصہ نہ لینے کا انتخاب نہیں کیا ہے، تو جب آپ فوت ہوتے ہیں تو قانون پیوندکاری کے لیے کچھ اعضا اور بافت کے عطیہ کی اجازت دیتا ہے۔ آپ صفحہ 8 پر اس بارے میں مزید پڑھ سکتے ہیں کہ اگر آپ ایک عطیہ دہندہ (ڈونر) بنتے ہیں تو کیا ہوگا۔

لوگوں کے بعض گروپس پر (صفحہ 3 دیکھیں) یا اگر عطیہ آپ کے نظریات کے خلاف ہے تو یہ قانون لاگو نہیں ہوتا۔

اگر آپ عطیہ کی حمایت کرتے ہیں، تو آپ پھر بھی عطیہ دہندہ بننے کے اپنے فیصلے کو فعال طور پر ریکارڈ کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ ایسا کرنے سے آپ کے خاندان اور دوستوں کے لیے آسانی ہو سکتی ہے، اور یہ یقینی بنانے میں مدد مل سکتی ہے کہ آپ کے فیصلے کا احترام کیا جاتا ہے۔

آپٹ آؤٹ (حصہ نہ لینے کا انتخاب) سسٹم صرف عام طور پر پیوندکاری کیے جانے والے جسم کے حصوں جیسے گردوں، دل، پھیپھڑوں، جگر اور نسوں پر لاگو ہوگا۔

اس کے باوجود بھی آپ کے خاندان اور دوستوں سے آپ کے خیالات کے بارے میں مشورہ کیا جائے گا تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ اگر آپ نہیں چاہتے تھے تو عطیہ کو آگے نہ بڑھایا جائے۔

زندگیاں بچانے اور بہتر بنانے میں مدد کے لیے قانون تبدیل ہو رہا ہے۔

قانون میں تبدیلی کسے متاثر کرے گی؟

نیا قانون زیادہ تر بالغوں پر لاگو ہوگا جو اسکاٹ لینڈ کے رہائشی ہیں۔

یہ ان گروپس پر لاگو نہیں ہو گا:

- بچے (16 سال سے کم عمر)۔
- **وہ بالغان جن میں نئے قانون کو سمجھنے کی صلاحیت نہیں ہے۔**
- **ایسے بالغان جو اپنی موت سے پہلے اسکاٹ لینڈ میں 12 مہینوں سے کم وقت تک رہے ہیں۔**

اگر ان گروپس میں سے کسی شخص کی اس طرح سے موت واقع ہوتی ہے جس کا مطلب ہے وہ عطیہ کر سکتا ہے، اور انھوں نے پہلے عطیہ کرنے کا فیصلہ ریکارڈ نہیں کیا ہے، تو پھر ان کے قریب ترین خاندان کے رکن سے پوچھا جائے گا کہ کیا وہ عطیہ کی اجازت دینا چاہتے ہیں۔

مجھے کیا کرنے کی ضرورت ہے؟

عطیہ ایک ذاتی فیصلہ ہے اور آپ کے پاس اختیار ہے کہ آپ عطیہ کرنا چاہتے ہیں یا نہیں۔

آپ کے انتخابات

آپ NHS Organ Donor Register پر عطیہ میں حصہ نہ لینے کے انتخاب کا اپنا فیصلہ ریکارڈ کر سکتے ہیں (دیکھیں صفحہ 7)

- اس کا مطلب ہے کہ آپ تمام اعضا اور بافت کے عطیہ میں حصہ نہ لینے کا انتخاب کر رہے ہیں۔

اگر آپ عطیہ دہندہ بننا چاہتے ہیں، تو آپ NHS Organ Donor Register پر اپنا فیصلہ ریکارڈ کر سکتے ہیں (صفحہ 7 دیکھیں)

- ایسا کرنے سے، آپ کے خاندان کے لیے آسانی ہوگی اور یہ یقینی بنانے میں مدد ملے گی کہ آپ کے فیصلے کا احترام کیا جاتا ہے۔
- اگر آپ بعض اقسام کے اعضا اور بافت کا عطیہ کرنے کے لیے تیار ہیں، لیکن دوسروں کا نہیں، تو آپ NHS Organ Donor Register پر اپنا فیصلہ ریکارڈ کرتے وقت اپنی پسند کو واضح کر سکتے ہیں۔
- عطیہ دہندہ بننے کا اپنا فیصلہ ریکارڈ کرنے کا مطلب یہ بھی ہوگا کہ آپ بعض طبی جانچوں اور طریقہ کار سے اتفاق کرتے ہیں جو عطیہ کے عمل کے طور پر آپ کی موت سے پہلے انجام دیے جا سکتے ہیں۔ ایسا ہونے سے پہلے ماہر نرسیں آپ کے اہل خانہ سے بات کریں گی۔ ان طبی جانچوں اور طریقہ کار میں کیا شامل ہے اس بارے میں صفحہ 9 پر مزید جانیں۔

آپ کچھ نہ کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں

- اگر نئے قانون کے تحت آپ کچھ نہیں کرتے ہیں، تو یہ سمجھا جائے گا کہ آپ پیوندکاری کے لیے بعض اعضا اور بافت کا عطیہ کرنے سے اتفاق کرتے ہیں۔
- آپ کے اہل خانہ اور دوستوں سے ابھی بھی آپ کے تازہ ترین خیالات کے بارے میں پوچھا جائے گا تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ اگر آپ نہیں چاہتے تھے تو عطیہ نہیں کیا جائے گا۔
- نیا قانون لوگوں کے بعض گروپس (جیسے بچے) پر لاگو نہیں ہوگا – دیکھیں صفحہ 3۔
- اگر آپ کچھ نہیں کرتے تو اس کا مطلب یہ بھی ہوگا کہ آپ بعض طبی جانچوں اور طریقہ کار سے اتفاق کرتے ہیں جو عطیہ کے عمل کے طور پر آپ کی موت سے پہلے انجام دیے جا سکتے ہیں۔ ایسا ہونے سے پہلے ماہر نرسیں آپ کے اہل خانہ سے بات کریں گی۔ ان طبی جانچوں اور طریقہ کار میں کیا شامل ہے اس بارے میں صفحہ 9 پر مزید جانیں۔

آپ **26** مارچ **2021**کو قانون تبدیل ہونے سے پہلے یا بعد میں اپنا عطیہ کرنے کا فیصلہ ریکارڈ کر سکتے ہیں۔


عطیہ ایک ذاتی فیصلہ ہے
اور آپ کے پاس اختیار
ہے کہ آپ عطیہ کرنا
چاہتے ہیں یا نہیں۔

آپ جو بھی فیصلہ کریں، آپ
کو اپنے خاندان اور دوستوں کو
بھی اپنے عطیہ کے فیصلے کے
بارے میں بتانا چاہیے تاکہ
اس کے احترام کو یقینی بنانے
میں مدد مل سکے۔

NHS Organ Donor Register پر اپنا فیصلہ ریکارڈ کرنا

NHS Organ Donor Register پر اپنا فیصلہ ریکارڈ کرنا آسان ہے اور اس میں صرف چند منٹ لگتے ہیں۔ آپ اپنے پچھلے فیصلے کو تبدیل یا اس کی تصدیق بھی کر سکتے ہیں، یا اپنی تفصیلات کو اپ ڈیٹ کر سکتے ہیں۔

www.organdonationscotland.org پر آن لائن جائیں۔

اگر آپ اپنے فیصلے کو رجسٹر کرنے کے لیے کال کرنے کو ترجیح دیتے ہیں یا قانون کی تبدیلی سے متعلق کوئی سوال ہے، تو 0300 303 2094 پر فون کریں
آپ کے فون فراہم کنندہ کی بنیاد پر مقامی کال شرحوں پر کالز وصول کی جائیں گی۔

ٹیکسٹ ریلے: 18001 0300 1232323

میں NHS Organ Donor Register پر اپنا فیصلہ ریکارڈ نہیں کرنا چاہتا/چاہتی۔ مجھے کیا کرنا چاہیے؟

اپنا فیصلہ ریکارڈ کرنے کا واضح ترین طریقہ NHS Organ Donor Register پر ہے۔ تاہم، اگر آپ ایسا نہیں کرنا چاہتے، تو آپ تحریری طور پر ایک اعلامیہ تیار کر سکتے اور اپنے اہل خانہ اور دوستوں کو بتا سکتے ہیں، تاکہ وہ آپ کا فیصلہ جان سکیں۔ براہ کرم اپنی وصیت میں اپنا فیصلہ ریکارڈ کرنے پر انحصار نہ کریں۔ وصیتیں عام طور سے عطیہ ممکن ہونے کے بعد تک نہیں پڑھی جاتی ہیں، کیونکہ عطیہ مرنے کے بعد فوراً کرنا ہوتا ہے۔

جب تک آپ کوئی فیصلہ ریکارڈ نہیں کرتے آپ کا نام NHS Organ Donor Register پر نہیں ہوگا۔

اگر میں ممکنہ عطیہ کنندہ بن جاؤں تو کیا ہو گا؟

ڈاکٹر اور نرسیں آپ کی زندگی بچانے کے لیے ہر ممکن کوشش کریں گے

- ڈاکٹر اور نرسیں مریض کی دیکھ بھال کرتے ہیں اور کسی شخص کی زندگی بچانے کے لیے ہر ممکن کوشش کرنے کے پابند ہیں۔
- صرف اس صورت میں جب انھوں نے آپ کے اہل خانہ کے ساتھ تبادلہ خیال کیا ہو اور اس بات پر اتفاق کیا ہو کہ مزید کچھ نہیں کیا جا سکتا ہے، تو عطیہ کے امکان کے بارے میں ایک حساس گفتگو شروع ہو گی۔

NHS Organ Donor Register کی جانچ کرنا

- آپ کی دیکھ بھال میں شامل نہ ہونے والی ماہر نرسیں NHS Organ Donor Register کا معائنہ کریں گی یہ دیکھنے کے لیے کہ آیا آپ نے عطیہ کرنے کا فیصلہ درج کیا تھا یا نہیں۔
- اس کے بعد وہ آپ کے اہل خانہ اور قریبی دوستوں سے ان معلومات کا اشتراک کرتی ہیں، تاکہ وہ یہ جان سکیں کہ آپ کیا چاہتے تھے اور یہ کہ آیا یہ آپ کا تازہ ترین خیال تھا۔

عطیہ کیے جانے سے پہلے کن طبی جانچوں کو کرنے کی ضرورت ہے؟

- عطیہ کے عمل کے حصے کے طور پر، موت سے ٹھیک پہلے، انتہائی نگہداشت یونٹ میں کچھ معمول کی طبی جانچیں اور طریقہ کار انجام دیے جا سکتے ہیں۔ یہ صرف اسی وقت کیے جا سکتے ہیں اگر اس سے ڈاکٹروں کو یہ چیک کرنے میں مدد ملے گی کہ پیوندکاری کے محفوظ ہونے، کامیاب ہونے اورپیوندکاری کی فہرست انتظار میں موجود کسی شخص کے لیے مناسب جوڑ ہونے کا امکان ہے۔

- یہ طبی جانچیں اور طریقہ کار ہسپتال میں کسی دوسرے علاج کی طرح کی دیکھ بھال کے ساتھ کیے جاتے ہیں، لہذا یہ اسی وقت کیے جا سکتے ہیں اگر اس سے آپ کو تکلیف یا بے آرامی ہونے کا امکان نہ ہو۔ ان میں سے کچھ طبی جانچوں اور طریقہ کار کے بغیر، عطیہ نہیں کیا جا سکے گا۔

- ان میں شامل ہیں:
  - جانچ کے لیے سیال، جیسے خون یا پیشاب کے نمونے لینا
  - ایکس-رے یا الٹرا ساؤنڈ اسکین جو بیڈ پر ہی لیے جاتے ہیں
  - آپ کے دل اور سانس کی نگرانی کرنا
  - ڈرپ کے ذریعہ دوائیں یا دیگر سیال (مثال کے طور پر، بعض اوقات خون) دینا۔

- تاوقتیکہ آپ نے عطیہ میں حصہ نہ لینے کا انتخاب کیا ہو یہ مانا جائے گا کہ آپ ان معمولی کی طبی جانچوں اور طریقہ کار کے لیے رضامند ہیں۔ تاہم، ماہر نرسیں آپ کے اہل خانہ اور دوستوں سے بات کریں گی تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ اگر آپ انھیں نہیں کرانا چاہتے تھے تو یہ جانچیں نہیں کی جائیں گی۔

- بہت کم مواقع پر اس کے علاوہ، مزید جارحانہ طبی جانچیں اور طریقہ کار انجام دینے کی ضرورت ہوگی، لیکن صرف اسی صورت میں جب مذکورہ بالا معمول کی جانچوں سے محفوظ اور کامیاب پیوندکاری کی کافی معلومات نہ ملیں۔ ان دیگر جانچوں یا طریقہ کار میں شامل ہو سکتا ہے جلد کی ایک چھوٹی بائی آپسی (جسم کے کسی حصے سے بافت کا نمونہ لے کر اُس کا معائنہ کرنا)، ایک آلے کا استعمال کرتے ہوئے آپ کے پھیپھڑوں اور سانس کی نلیوں کی اندرونی طور پر جانچ کرنا، یا ایک سواب (روئی کی پھریری) کا استعمال کرتے ہوئے جسم کے اندر سے چھوٹا سا نمونہ لینا، بیڈ سے دور انجام دیے جانے والے اسکین۔ تاہم، یہ نہیں تسلیم کیا جائے گا کہ آپ ان طریقہ کار سے اتفاق کرتے ہیں، جس کا مطلب ہے وہ صرف آپ کے اہل خانہ کی رضامندی سے کیے جائیں گے۔

اعضا اور بافت کے عطیہ کے آپٹ آؤٹ سسٹم کے بارے میں مزید معلومات کے لیے براہ کرم ملاحظہ کریں
www.organdonationscotland.org۔

کیا عطیہ کرنے سے پہلے میرے مذہب، ایمان یا عقائد پر غور کیا جائے گا؟

جی ہاں، آپ NHS Organ Donor Register میں یہ ریکارڈ کر سکتے ہیں کہ آیا آپ کا ایمان یا عقائد اہم ہیں یا نہیں اور اسے آپ کے اہل خانہ کے ساتھ عطیہ کی گفتگو کا ایک حصہ سمجھا جائے گا۔

ان سے آپ کے خیالات کے بارے میں پوچھا جائے گا یہ یقینی بنانے کے لیے کہ اگر آپ ایسا نہیں چاہتے تھے تو عطیہ نہیں کیا جائے گا، اور یہ یقینی بنانے کے لیے کہ یہ صرف اسی وقت کیا جائے گا جب آپ کے ایمان یا عقائد کے مطابق ہو۔

ایمان اور عقائد اور اعضا اور بافت کے عطیہ سے متعلق مزید معلومات یہاں دیکھی جا دیکھی ہیں:
www.organdonationscotland.org/faith-and-beliefs

یہ بے حد اہم ہے کہ تمام پس منظر کے افراد اعضا اور بافت کا عطیہ کریں، کیونکہ جب کسی کو یکساں نسلی گروپ کے عطیہ دہندہ سے پیوند کاری موصول ہوتی ہے تو کامیابی کا تناسب بہت بہتر ہو جاتا ہے۔ مثال کے طور پر، سیاہ فام اور ایشیائی لوگوں کو سفید فام لوگوں کے مقابلے میں گردے کی پیوندکاری کی زیادہ ضرورت ہوتی ہے، لہذا سیاہ فام اور ایشیائی عطیہ دہندگان کی زیادہ ضرورت ہے۔

آپ NHS Organ Donor Register پر یہ ریکارڈ کر سکتے ہیں کہ آیا آپ کا ایمان یا عقائد اہم ہیں یا نہیں

قانون تبدیل ہو رہا ہے ۔۔۔ لیکن آپ کو ابھی بھی اختیار حاصل ہے

26 مارچ 2021 سے، اسکاٹ لینڈ میں اعضا اور بافت کے عطیہ کا قانون بدل رہا ہے۔ اس کا مطلب ہے آپ کے مرنے پر آپ کو عطیہ دہندہ بننے پر رضامند سمجھا جائے گا، تاوقتیکہ آپ نے حصہ نہ لینے کا انتخاب کیا ہو۔ عطیہ ایک ذاتی فیصلہ ہے اور آپ کے پاس انتخاب ہے۔

اعضا اور بافت کے عطیہ اور قانون کی تبدیلی سے متعلق مزید معلومات کے لیے ملاحظہ کریں:
www.organdonationscotland.org

NHS Organ Donor Register پر اپنے عطیہ کا فیصلہ ریکارڈ کریں

آن لائن: **www.organdonationscotland.org/your-decision/how-register**

فون: اگر آپ اپنا فیصلہ رجسٹر کرنے کے لیے کال کرنا چاہتے ہیں یا اگر قانون تبدیل ہونے سے متعلق آپ کا کوئی سوال ہے، تو براہ کرم ایک تربیت یافتہ مشیر سے بات کرنے کے لیے **0300 303 2094** پر ہیلپ لائن کو کال کریں۔

آپ کے فون فراہم کنندہ کی بنیاد پر مقامی کال شرحوں پر کالز وصول کی جائیں گی۔

ٹیکسٹ ریلے: **18001 0300 1232323**

ٹیکسٹ چیٹ: **07860 034343**

یہ کتابچہ دیگر شکلوں اور متعدد زبانوں میں دستیاب ہے۔

ذیل میں QR کوڈ اسکین کریں یا ملاحظہ کریں **www.organdonationscotland.org/resources**۔

Healthier Scotland
Scottish Government

NHS SCOTLAND